سوال

(813) مغرب کی سنتوں کے بعد اوّابین

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مغرب کے بعد اکثر احناف اور راقم بھی ماضی میں ٦ نوافل ''صلاۃ الاوابین'' کے پڑھتا رہا ہے ان کی حدیث کی روشنی میں کیا حقیقت ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مغرب کے بعد چھ رکعتیں پڑھنے والی روایت سخت ضعیف ہے۔ اس میں راوی عمر بن ابی خثعم کو امام بخاری رحمہ اللہ نے ''منکر الحدیث'' قرار دیا ہے۔ اس روایت کے دیگر طرق بھی ضعیف ہیں۔ اصلاً احادیث میں ''صلاۃ الاوابین'' چاشت کی نماز کو کہا جاتا ہے۔ اس نام کا اطلاق اس نماز پر نہیں ہوا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :691

محدث فتویٰ